SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**June 16, 2017**

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کی انفورسمنٹ مہم بھرپور طریق سے جاری رہے گی

اسلام آباد(16 جون) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے گزشتہ چند برسوں میں کیپیٹل مارکیٹ اور کارپوریٹ سیکٹر کے ریگولیٹری فریم ورک کو مضبوط بنانے کے لئے اصلاحاتی پروگرام کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرتے ہوئے کئی ایک انتظامی اور قانونی اصلاحات نافذ کئیں۔ ان اصلاحات کا مقصد ملک میں کیپیٹل مارکیٹ کی ترقی، کارپوٹائزیشن کا فروغ اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔

ایک مضبوط اور مستحکم ریگولیٹری فریم ورک کے ساتھ ایس ای سی پی نے سٹاک مارکیٹ میں ہیر پھیر کرنے والے عناصر، ان سائیڈر ٹریڈرز اور ریگولیٹری قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور مہم شروع کی۔ سپرویژن اور نگرانی کے ایک فعال نظام کے تحت قانون توڑنے والے عناصر کے خلاف بھوپور اقدامات کئے گئے اور کئی ایک کے خلاف عدالت میں فوجداری مقدمات بھی دائر کئے گئے۔

ایس ای سی پی کی اس بھرپور انفورسمنٹ مہم نے کئی ایسے عناصر کو ادارے کے خلاف بھڑکا دیا اور انہوں نے مایوس ہو کر ایس ای سی پی کے خلاف میڈیا اور سوشل میڈیا پر بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا مہم شروع کرر کھی ہے ۔ کمیشن اور اس کے افسران کے خلاف اس بے بنیاد مہم کا مقصد ایس ای سی پی کا امیج کو خراب کرنا اور ان مضموم عناصر کے خلاف اقدمات میں رکاوٹیں ڈالنا ہے۔

ایس ای سی پی اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ ایس ای سی پی قانون کی خلاف ورزی کرنے والے ان عناصر کے خلاف اپنی انفورسمنٹ مہم بھرپور طریقے سے جاری رکھے گا اور کسی بھی قسم کے دباؤ میں آئے بغیر سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ اور شفافیت کے لئے اقدامات کرتا رہے گا۔